13

کتابیں

سمجھتا ہے اسے سارا زمانہ — کتابیں علم و حکمت کا خزانہ
ہماری مُونِس و غم خوار ہیں یہ — جہادِ علم کی للکار ہیں یہ
کتابیں کیا ہیں، روحانی غذا ہیں — سکوں دل کا، دواؤں کی دوا ہیں
کتابوں سے ہے جس کی آشنائی — بڑی دولت جہاں میں اس نے پائی
کتابوں کی رفاقت بھی عجب ہے — تعلّق توڑنا ان سے غضب ہے

© NCERT not to be republished

سکھاتی ہیں یہ جینے کا طریقہ — بتاتی ہیں ہمیں کیا ہے سلیقہ
کسی نے منہ کتابوں سے جو پھیرا — یقیناً اس کو ذلّت نے ہے گھیرا
کتابوں سے اگر خالی مکاں ہے — وہ ہے بھوتوں کا مسکن، گھر کہاں ہے
کتابوں سے حلاوت گفتگو میں — شرافت کا اثر باقی لہو میں

کتابوں سے سدا رشتہ بڑھاؤ
اسی میں زندگی اپنی لگاؤ

(ظفرؔ کمالی)

© NCERT not to be republished

مشق

لفظ اور معنی:

علم	:	جان کاری
حکمت	:	عقل مندی، اچھے برے کی تمیز
روحانی	:	روح سے متعلق
روحانی غذا	:	روح کو قوت بخشنے والی چیز
مونس	:	دوست، ساتھی
غم خوار	:	غم میں شریک ہونے والا، دکھ درد کا ساتھی
جہادِ علم	:	علم حاصل کرنے کے لیے جدّ و جہد
للکار	:	نعرہ، اکسانے والی چیز
آشنائی	:	جان پہچان، دوستی
رفاقت	:	دوستی، ساتھ
ذلّت	:	بد نامی، بے عزّتی
مسکن	:	رہنے کی جگہ، گھر
حلاوت	:	مٹھاس

غور کیجیے:

- انسانی زندگی میں کتابوں کی بڑی اہمیت ہے۔ پڑھے لکھے لوگوں کو سماج میں عزّت کی نظر سے دیکھا

© NCERT not to be republished

جاتا ہے۔اس لیے کتابوں سے رشتہ جوڑنا اور تعلیم پر توجّہ دینا ضروری ہے۔

سوچیے ، بتایئے اور لکھیے :

1۔ کتابیں کس چیز کا خزانہ ہیں؟

2۔ ’’جہادِ علم کی للکار ہیں یہ‘‘ کا کیا مطلب ہے؟

3۔ نظم میں کتاب کو روحانی غذا کیوں کہا گیا ہے؟

4۔ شاعر نے یہ کیوں کہا ہے کہ کتابیں بڑی دولت ہیں؟

5۔ کتابوں سے منہ پھیر لینے کے کیا معنی ہیں؟

خالی جگہوں کو پُر کیجیے:

ہماری مُونس و .... ہیں یہ

سکوں .... کا ، دواؤں کی دوا ہیں

تعلّق توڑنا ان سے .... ہے

کتابوں سے حلاوت .... میں

اسی میں .... اپنی لگاؤ

© NCERT not to be republished

مختلف فعلوں کی مدد سے جملے بنا کر لکھیے :

مثال : بچّہ کتاب پڑھ رہا ہے۔

....

....

....

....

بچّہ

اُستانی

....

....

....

....

....

لڑکی

....

....

....

....

....

© NCERT not to be republished

نیچے دیے ہوئے مصرعوں کی نثر بنائیے:

مثال: سمجھتا ہے اسے سارا زمانہ **نثر:** اسے سارا زمانہ سمجھتا ہے۔

کتابوں سے ہے جس کی آشنائی ....

سکھاتی ہیں یہ جینے کا طریقہ ....

وہ ہے بھوتوں کا مسکن ، گھر کہاں ہے ....

یقیناً اس کو ذلّت نے ہے گھیرا ....

کتابوں کی اہمیت پر پانچ جملے لکھیے:

- ....
- ....
- ....
- ....
- ....

نیچے دی ہوئی تصویروں پر دو دو جملے لکھیے:

- ....
- ....

© NCERT not to be republished

- ....
- ....

- ....
- ....

- ....
- ....

- ....
- ....

عملی کام:

- نظم کو زبانی یاد کیجیے:
- اپنی پسندیدہ پانچ کتابوں کے نام لکھیے:

- ....
- ....
- ....
- ....
- ....

© NCERT not to be republished

بلند آواز سے پڑھیے اور خوش خط لکھیے :

حلاوت　　رشتہ　　غضب　　رفاقت　　آشنائی

....	....	....	....	....
....	....	....	....	....
....	....	....	....	....
....	....	....	....	....
....	....	....	....	....

© NCERT not to be republished